﴿۸﴾۔۔۔انڈوسکوپی میں ہماری معلومات کے مطابق پیٹ، آنتوں اور دل وغیرہ کے معائنہ کے لئے کیمرہ

دارالافتاء

﴿جاری ہے۔۔۔﴾

Scanned by CamScann

استعمال کرتے وقت عام طور پر کیمرے پر منہ کے راستے سے پانی وغیرہ ڈالا جاتا ہے تاکہ کیمرہ کے گلے سے گزر کر بدن کے متعلقہ حصے پر پہنچنے تک کیمرے پر بدن کی جو اندرونی رطوبات لگ گئی ہوں وہ صاف ہو جائیں، اس تفصیل کی روشنی میں روزے کی حالت میں انڈوسکوپی کرانے سے روزہ ٹوٹ جائیگا اور اس روزے کی قضاء لازم ہوگی۔ اس لئے بوقتِ ضرورت یہ عمل رات کو کیا جائے۔

انجیوگرافی ہماری معلومات کے مطابق چونکہ ران کی رگ میں تار ڈال کر کی جاتی ہے، اور رگ کے ذریعے جسم میں دوا ڈالنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا لہذا انجیوگرافی میں دوا استعمال کرنے کی صورت میں بھی روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

Scanned with CamSca